سوال نمبر : 1469 منجانب: جناب عدنان خان ، رکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| | کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ | |
| (الف) | آیا یہ درست ہے کہ بنوں میں موجود ہائیر سیکنڈری سکول بنوں ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے؟ | ڈسٹرکٹ بنوں میں گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے نا کہ ہائیر سیکنڈری سکول۔ |
| (ب) | آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات بھی موجود تھے؟ | یہ بھی درست ہے کہ موجودہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات (کتبہ جات) موجود ہیں۔ |
| (ج) | آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر کلاس روم کے دروازے پر ایک کتبہ لگا ہوا تھا جس پر اُس وقت کے ہندو کا نام درج تھا؟ | ہاں یہ بھی درست ہے کہ کلاس رومز کے سامنے کتبہ جات لگائے گئے تھے جو مخصوص تعداد میں تھے نا کہ ہر کلاس روم کے سامنے۔ |
| (د) | اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو | |
| (i) | اس وقت یہ نوادرات کہاں اور کس کے پاس ہیں؟ | یہ نوادرات (کتبہ جات) گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 بنوں کے پرنسپل کے تحویل میں ہیں |
| (ii) | سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبوں کی تعداد کتنی تھی اور اب کتبے کہاں اور کس کے پاس ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ | سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبہ جات کی تعداد 14 ہیں اور سارے نوادرات (کتبہ جات) سکول کے پرنسپل کے تحویل میں ہیں۔ |

CamScanner